طاہر سلیم قصوری

تعارف و تبصرہ کتب

نام: تفسیر آیت کریمہ　　تالیف: شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ

ترجمہ: مولانا عبدالرحیم پشاوری　　قیمت: ۱۸ روپے

ناشر: مکتبہ نذیریہ، منیر شہید روڈ، بالمقابل جاوید مارکیٹ، اچھرہ، لاہور

زیر نظر کتاب "تفسیر آیت کریمہ" شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ کی مایۂ ناز تصنیف ہے۔ امام تقی الدین ابن تیمیہؒ ایک ہمہ گیر شخصیت کے مالک تھے۔ قدرت نے انہیں دل و دماغ کی بے شمار خوبیوں سے نوازہ تھا۔ امام صاحب اپنے زمانہ میں قدیم و جدید علوم کے سنگم تھے۔ اور ہر فن میں یکتائے روزگار تھے۔ حقیقی بات یہ ہے کہ آپ کی شخصیت عالم اسلام میں کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے اور نہ ہی عالم اسلام میں ان کے علم کو چیلنج کیا جا سکتا ہے۔ گویا کہ وہ اپنے دَور کے مجدد اور ایک عظیم مصلح تھے۔

اس کتاب کے ترجمہ کا شرف مولانا عبدالرحیم پشاوری کے حصّہ میں آیا اور انھوں نے یہ سعادت حاصل کی کہ اس کو اردو زبان کے قالب میں ڈھالا۔

لیکن جو چیز سب سے زیادہ فخر و امتیاز کا باعث بنی ہے۔ وہ مولانا محمد حنیف یزدانی کی کدوکاوش اور سعیٔ جمیلہ ہے کہ انھوں نے اس کتاب کو شائع کر کے عوام الناس تک پہنچایا۔ آپ خود بھی کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ اس سے پیشتر اپنے ادارہ مکتبہ نذیریہ کی جانب سے بے شمار کتابیں شائع کر چکے ہیں۔ اور یہی ان کا علمی مشغلہ ہے۔ ان کا نام پاکستان کے علمی حلقوں میں کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ یہ خدمتِ جلیلہ اور دینی فریضہ آپ ایک عرصہ سے انجام دے رہے ہیں آپ صرف بیک وقت ایک عالمِ دین، واعظ، خطیب اور مجاہد ادیب ہیں۔ بلکہ گوناگوں قابلیتوں کے مالک ہیں۔ اردو، عربی اور فارسی زبانوں پر یکساں عبور رکھتے ہیں۔ گویا اردو ان کی کنیز ہے، پنجابی تو ویسے ہی خانہ زاد ہے، عربی جیب کی گھڑی اور فارسی ان کے ہاتھ کی چھڑی ہے۔

زیر تبصرہ کتاب (تفسیر آیت کریمہ) اپنے مضمون، مواد اور افادیت کے لحاظ سے خصوصاً دینی ذوق رکھنے والوں اور اذکار و ادعیہ سے رغبت رکھنے والوں کے لئے ایک بیش بہا علمی ذخیرہ ہے۔ اگرچہ کتاب اپنے عنوان کے لحاظ سے ایک دائرہ تک محدود ہے۔ لیکن کتاب کے مطالعہ کے بعد یہ حقیقت شمس و قمر کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ اس میں کوئی پہلو تشنہ نہیں رہا۔ بلکہ اپنے نفس مضمون کے لحاظ سے تمام گوشوں پر محیط ہے۔

مولانا محمد حنیف یزدانی صاحب اس لحاظ سے مبارکباد کے مستحق ہیں کہ وہ کاروباری کے بجائے نشری اور تبلیغی انداز سے کتابوں کی نشر و اشاعت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ ہمارے نزدیک کساد بازاری کے اس دور میں یہ ان کا ایسا کارنامہ ہے جس کی جزا ان کو صرف خدا ہی دے سکتا ہے۔ اللہ ان کو مزید توفیق دے اور اس سلسلے میں سرگرم رکھے۔ آمین۔

دینی حلقوں کو چاہیے کہ وہ بھی اسی جذبے سے کتاب خرید کر ان سے تعاون کریں۔ تاکہ وہ اس مبارک سلسلے کو جاری رکھ سکیں۔